دفتر مقام معظم رهبری
www.leader.ir

رہبر معظم نے ایک حکم میں جنرل حسین اشتری کو پولیس کا نیا سربراہ مقرر کیا – 9 /Mar/ 2015

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی امام خامنہ ای نے اپنے ایک حکم میں جنرل حسین اشتری کو پولیس کا نیا ڈائریکٹر مقرر کیا ہے اور سابق ڈائریکٹر جنرل احمدی مقدم کی اس عہدہ پر خدمات اور کوششوں کی تعریف اور قدردانی کی ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے حکم کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

میجر جنرل پاسدار حسین اشتری

آپ کی لیاقت، شائستگی اور خدمت کے اچھے سوابق اور وزیر داخلہ اورپولیس میں تمام قوا کے کمانڈر انچیف کے معاون کی تجویز کے پیش نظر جنابعالی کو اسلامی جمہوریہ ایران کی پولیس کا ڈائریکٹر اور سربراہ مقرر کرتا ہوں۔

ضروری ہے کہ جناب احمدی مقدم کے دور میں انجام پانے والے شائستہ اور اچھے اقدامات جیسے ناجا کا اسلامی اور انقلابی فضا میں ارتقا، خدمتگزار اہلکاروں کی حفاظت ، ان کی معاشی حالت پرسنجیدہ توجہ، سرحدی کنٹرول اور ٹریفک حادثات میں کمی کے سلسلے میں کوششیں جاری رہنی چاہییں، انتظامی خدمات کی بہبود ، پیہم منصوبہ بندی اور اخلاقی، سماجی آرام و سکون اور سکیورٹی کے امور میں دقیق توجہ کا سلسلہ بھی جاری و ساری رہنا چاہیے۔

تینوں قوا بالخصوص وزارت داخلہ، اعلی قومی سلامتی کونسل کے سیکٹریٹ ، آئی آر آئی بی ، مسلح افواج کی مشترکہ کمانڈ ، اور ملک کی مدیریت اور منصوبہ بندی کے ادارے سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ موجودہ حساس شرائط میں پولیس کی تمام مادی اور معنوی شعبوں میں حمایت کریں۔

پولیس کی سربراہی کے عہدے پر جنرل احمدی مقدم کی مؤثر اور شائستہ کوششوں کی قدردانی اور شکریہ ادا کرتاہوں۔

اللہ تعالی کی بارگاہ سے آپ کے لئے ، ناجا کے تمام اہلکاروں اور ان کے حامیوں کے لئے توفیق طلب کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

18/اسفند ماہ/1393